دوروزہ بین الاقوامی کانفرنس

# عصرِ حاضر میں دعوتِ دین

## اصول، مناہج، مشکلات اور اُن کا حل

(3-4، اپریل 2019ء)

## تعارف

اللہ تعالیٰ نے نوعِ انسانیت کو عموماً اور امتِ مسلمہ کو خصوصاً قرآن کریم اور نبی کریم ﷺ کی صورت میں دولازوال نعمتیں عطا فرمائی ہیں۔ آپؐ کی ساری زندگی قرآن کی عملی تصویر تھی۔ نبی کریم ﷺ نے جب دعوت کا آغاز فرمایا تو اپنی زندگی کو بطور دلیل مخاطبین کے سامنے پیش کیا اور آپؐ نے اپنے اخلاق و کردار سے دعوتِ دین کو مزین کیا۔ دعوتِ دین اور تبلیغ اسلام کے لیے ضروری ہے کہ قرآن کریم کے بیان کردہ اسالیبِ دعوت، الویاتِ دعوت اور مقاصدِ دعوت کو درست انداز میں سمجھا جائے اور اس ضمن میں نبی کریم ﷺ کے اسوۂ حسنہ اور صحابہ کرام جیسے جذبۂ اتباعِ قرآن و سنت سے رہنمائی حاصل کی جائے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ امر ربی "اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ" کے تقاضوں کے پیش نظر انفرادی، اجتماعی، قومی و ملی سطح پر ہر زمان و مکان میں دعوت الی اللہ کے عملی مظاہر نظر آئیں تاکہ عالمِ انسانیت بالعموم اور ملت اسلام بالخصوص دعوت کے آثار و برکات سے مستفید ہو۔ بلاشبہ افراد و ممالک کی اصلاح و تعمیر کے لیے دعوتِ دین انسانی ضرورت، فطرتی تقاضہ، دینی فریضہ اور اپنے حقیقی خالق و مالک کے ساتھ اظہار خلوص و وفا ہے۔

موجودہ فکری و عملی صورتحال اس بات کا شدت سے تقاضا کرتی ہے کہ دعاۃ، علماء اور دانشور حضرات فہم و بصیرت سے کام لیں اور جدید ذرائع کو معاشرے کی خیر و بھلائی کے لیے استعمال کرنے کی منصوبہ بندی کریں اور امت کو درپیش مسائل کی درست اور بروقت تشخیص کرکے ان کا حل پیش کریں۔ اسی ذمہ داری کے پیش نظر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد اپنے ذیلی ادارے دعوۃ اکیڈمی کی زیر نگرانی اور ہائر ایجوکیشن کمیشن پاکستان، کے تعاون سے تیسری دوروزہ بین الاقوامی کانفرنس بعنوان: "عصرِ حاضر میں دعوتِ دین: اصول، مناہج، مشکلات اور ان کا حل" کا انعقاد کررہی ہے۔ جس کے اہم اغراض و مقاصد درج ذیل ہیں:

### کانفرنس کے اہداف و مقاصد

۱۔ مسلم اور غیر مسلم معاصر معاشروں کے لیے دعوتِ الی اللہ کے اصول و مبادیات کے اطلاقی پہلوؤں کو علمی مطالعہ کی روشنی م یں اجاگر کرنا

۲۔ دعوت اِلی اللہ کا کام کرنے والے مختلف شعبوں سے متعلق افراد کی فکری و عملی تربیت کے لیے ترجیحات کی راسخ علمی بنیادوں پر نشاندہی کرتے ہوئے باہمی تعاون کی راہیں تلاش کرنا

۳۔ انبیاء کرام، سلف صالح، مسلم مفکرین اور علماء کے دعوتی مناہج اور کارناموں کا علمی مطالعہ پیش کرنا

۴۔ اس سنجیدہ علمی کاوش کے نتائج کی روشنی میں کارِ دعوت کے لیے فکری، علمی اور عملی راہیں متعین کرنا

۵۔ پاکستانی معاشرہ اور عالمی انسانی برادری میں عصرِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق رواداری، بقائے باہمی، تحفظ، سلامتی اور امن کی صورتیں تجویز کرنا

۶۔ عصرِ حاضر میں دعاۃ کو درپیش متنوع مشکلات کا علمی تجزیہ پیش کرنا

۷۔ معاصر مسلم معاشروں کو درپیش جدید فکری، معاشرتی اور اخلاقی مسائل کا حل پیش کرنا

۸۔ دینی جماعتوں کے دعوتی کردار کے بارے میں آگاہی حاصل کرنا

۹۔ سوشل میڈیا کی یلغار سے نوجوان نسل کو آگاہ کرنا اور دعوتِ دین کو پھیلانے کے لیے سوشل میڈیا سے استفادہ کرنا۔

## کانفرنس کے مرکزی وذیلی موضوعات

### 1. عصرِ حاضر میں دعوتِ دین: اصول و مناہج کا علمی جائزہ

- اصولِ دعوت اور عصرِ حاضر: ترجیحات و اولویات کے اطلاق کا جائزہ
- زمان و مکان کے متنوع چیلنجز کے تناظر میں اولوالعزم انبیاء کے مناہج دعوت میں تنوع کا جائزہ
- مختلف زمانوں کی متعدد مشکلات کے تناظر میں سلف صالح، مسلم مفکرین اور علماء کے دعوتی مناہج کا علمی مطالعہ
- عصر حاضر میں مختلف نظریات و عقائد و طبقہ ہائے زندگی سے متعلق مخاطبینِ دعوت کے لیے حکمت عملی اور ترجیحات
- عصر حاضر میں داعی کے اوصاف کی معنویت و ضرورت
- عصر حاضر میں متنوع مخاطبینِ دعوت کے تناظر میں دعوۃ بالحکمۃ کے تقاضے
- عصر حاضر میں اسلام کی مؤثر دعوت کے لیے قرآن مجید کی سائنٹیفک تفسیر کے کردار و معنویت کا علمی جائزہ
- عصر حاضر میں مکالمہ بین المذاہب والادیان اور دعوتِ اسلام کے مواقع کا علمی جائزہ
- خدمتِ خلق اور دعوتِ اسلام کے امکانات کا علمی مطالعہ

### 2. عصرِ حاضر میں دعوتی خدمات کا علمی جائزہ

- پاکستان میں دینی تحریکات اور جماعتوں کا دعوتِ دین میں کردار
- معاصر دعوتی تحریکات و تنظیمات کے دعوتی مناہج کا جائزہ
- عالم اسلام کی معروف جامعات کا دعوتی کردار اور اس کے اثرات
- دعوتِ دین میں خواتین کا کردار
- دعوتِ دین میں نوجوانوں کردار
- دعوۃ اکیڈمی کا دعوتی منہج و کردار
- پاکستانی جامعات کے شعبہ ہائے علوم اسلامیہ کا دعوتی کردار
- دعوتِ دین فکرِ اقبال کے تناظر میں
- دعوتِ دین کے معاشرتی و سماجی فوائد و ثمرات

3. عصرِ حاضر میں دعوتِ دین کی جہات

- مسلح افواج کے اداروں میں دعوتی منہج
- جیل خانہ جات / ہسپتالوں میں دعوت کے اثرات و ثمرات
- تعلیمی اداروں میں دعوتِ دین
- پیشہ ورانہ تربیتی مراکز میں دعوتی حکمتِ عملی
- سماجی (این جی اوز) اداروں اور تنظیموں کا دعوتی کردار
- معاشرہ کے خصوصی افراد میں دعوتِ دین
- پاکستان میں اقلیات میں دعوتِ دین کا کام
- دعوتِ دین کی ترویج کے لیے تاریخی مساجد کی سیاحت کا استعمال
- مغرب سے دعوتی مکالمہ

4. دورِ جدید کے فکری و اخلاقی مسائل اور دعوتِ دین

- مسلم معاشرہ کے فکری و اخلاقی مسائل (دہشت گردی، فتنۂ تکفیر، فرقہ واریت، مذہبی تعصبات، تحریکِ آزادئ نسواں، مسئلہ توہینِ رسالت اور الحاد وغیرہ)
- مغربی معاشرے کے فکری و اخلاقی مسائل (سیکولرزم، عالمگیریت، عقلیت پسندی و عقل پرستی، سرمایہ دارانہ نظام، اسلاموفوبیا اور تہذیبوں کا تصادم وغیرہ)

5. معاصر دعوتی وسائل

- پرنٹ / الیکٹرانک / سوشل میڈیا اور دعوتِ دین
- خطباتِ جمعہ
- سیمینارز / کانفرنسز / دینی کورسز / کونسلنگ

6. معاصر دعوتی مشکلات، شکوک و شبہات اور ان کا جائزہ

7. معاصر دعوتی ادب

## کانفرنس کی زبانیں:

۱۔ عربی      ۲۔ اردو      ۳۔ انگریزی

## کانفرنس کے شرکاء:

اندرون وبیرون ملک کے اساتذہ کرام، علماء کرام، دعاۃ دین، ریسرچ اسکالرز (مرد وخواتین) ،اعلیٰ تعلیمی مراحل کے طلبہ و طالبات

## مقالے کی شرائط:

۱۔ مقالہ کانفرنس کے موضوعات کا احاطہ کرتا ہو

۲۔ مقالہ طبع زاد ہو اور کہیں پیش نہ کیا گیا ہو

۳۔ مقالہ بحث و تحقیق کے اصولوں کے مطابق ہو

۴۔ مقالے کا حجم ۲۰ صفحات سے زیادہ نہ ہو

۵۔ مقالے کے ساتھ ۲۰۰ الفاظ پر مشتمل خلاصہ ارسال کریں

۶۔ مقالہ MS Word میں کمپوز کیا گیا ہو نیز مقالے کی سافٹ اور ہارڈ کاپی بھیجنا لازمی ہے

۷۔ مقالے کے ساتھ تقریباً تین سو الفاظ پر مشتمل انگلش خاکۂ تحقیق (Abstract) مع کلیدی الفاظ ارسال کیا جائے

۸۔ قرآنی آیات کو اصل متن اور احادیث کو حوالوں اور حکم کے ساتھ لکھا گیا ہو

۹۔ مقالہ غیر جانبدارانہ تحکیم کے بعد کانفرنس میں شامل کیا جائے گا

۱۰۔ مقالہ جات کی منظوری وعدم منظوری کے لیے کانفرنس کی اکیڈمک کمیٹی کا فیصلہ حتمی تصور کیا جائے گا

## کانفرنس کے اہم انتظامی تاریخیں

| | |
|---|---|
| مقالے کا خلاصہ بھیجنے کی آخری تاریخ | 23 جنوری 2019ء |
| منظور شدہ خلاصوں کی اطلاع | 30 جنوری 2019ء |
| مکمل مقالہ بھیجنے کی آخری تاریخ | 28 فروری 2019ء |
| منظور شدہ مقالہ جات کا اعلان | 14 مارچ 2019ء |
| کانفرنس کے انعقاد کی تاریخ | 3-4 اپریل 2019ء |

کانفرنس کے انعقاد کا مقام: علامہ اقبال آڈیٹوریم، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی (فیصل مسجد) اسلام آباد

ای میل: dawah.conf@iiu.edu.pk

## برائے رابطہ و معلومات:

کانفرنس سیکرٹری: ڈاکٹر طاہر محمود، صدر شعبہ تحقیق، دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی (فیصل مسجد کیمپس) اسلام آباد

فون نمبر: 0300-5315648 051-9261564

کانفرنس رابطہ کار:

| | | | |
|---|---|---|---|
| محمد احمد زبیری | حافظ عبدالحنان حامد | حافظ عبدالمنان زاہدی | حافظ محمد ظہیر |
| 0334-0654156 | 0333-4747291 | 0334-7285006 | 0333-5680589 |

زیر نگرانی: ڈاکٹر سہیل حسن، ڈائریکٹر جنرل، دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

زیر سرپرستی: ڈاکٹر احمد بن یوسف الدریویش، صدر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد